# 14030 ـ زيرناف بال مونڈنے اورناخن تراشنے كا روزے كے ساتھ كوئي تعلق نہيں

**سوال**

كيا يہ صحيح ہے كہ روزہ دار ناخن نہيں كاٹ سكتا يا اسے زيرناف بال صاف نہيں كرنے چاہييں ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

يہ كوئي ايسے اعمال نہيں جوروزے دار كے ليے ہى واجب نہيں ، اور نہ ہى ان اعمال ميں شامل ہيں جوروزے كے منافى ہوں ، بلكہ روزے دار توكھانے پينے ، اورجماع ، سے ركے گا كيونكہ يہ كام روزے كو فاسد كرديتے ہيں ، اور اسى طرح ہر قسم كے گناہ اوربرے كاموں اورچغلى وغيبت سے باز رہے گا كيونكہ يہ سب كام روزے ميں نقص پيدا كرتے ہيں ۔

ليكن ناخن كاٹنا اورزيرناف بال صاف كرنا تو ايک فطرتى كام ہے جس كے ليے شارع نے وقت مقرر كيا ہے كہ يہ چاليس دن سے زيادہ نہيں ركھے جاسكتے ، اوران كا روزے كے صحيح ہونے كے ساتھ كوئي تعلق نہيں ہے ۔

واللہ اعلم .